یونی لیور لاہور فیکٹری اور اس کے اردگرد کے علاقوں میں پانی کے مسائل اور ان کے حل کے لیے بہتر اور پائیدار استعمال کا منصوبہ

منصوبے کا تعارف

پانی ایک مشترکہ، پیچیدہ اور تیزی سے کم ہوتا ہوا قدرتی ذخیرہ ہے جو کمیونٹیز، ماحولیاتی نظام اور کاروبار کے لیے نہایت ضروری ہے۔ عالمی سطح پر بڑھتے ہوئے آبی بحران کو مدِنظر رکھتے ہوئے، یونی لیور نے 2030 تک دنیا بھر میں پانی کی قلت کا شکار 100 علاقوں میں واٹر اسٹیورڈشپ پروگرامز نافذ کرنے کا عزم کیا ہے۔ یہ اقدام یونی لیور کے وسیع تر پائیداری کے ایجنڈے کا حصہ ہے، جس کا مقصد اپنی فیکٹریوں اور اردگرد کی کمیونٹیز میں پانی کا پائیدار توازن قائم کرنا ہے۔

واٹر اسٹیورڈشپ پروگرام ایک جامع حکمتِ عملی اپناتا ہے، جس کے تحت فیکٹری کے اندر اور باہر پانی کے بہتر انتظام پر توجہ دی جاتی ہے۔ اس میں پانی کے استعمال میں کمی اور دوبارہ استعمال کو ترجیح دی جاتی ہے تاکہ پانی کے ضیاع کو کم کیا جا سکے۔ فیکٹری سے باہر، یہ پروگرام مقامی آبی ذخائر کے تحفظ اور بحالی پر کام کرتا ہے اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر ماحولیاتی نظام کو بہتر بنانے، صاف پانی تک رسائی بڑھانے اور کمیونٹی کو موسمیاتی اور آبی بحران کے مقابلے میں مضبوط بنانے میں مدد دیتا ہے۔

صوبہ پنجاب میں، ڈبلیو ڈبلیو ایف—پاکستان، یونی لیور کے اشتراک سے ایسے اقدامات کر رہا ہے جو پانی کے تحفظ، بحالی اور ذمہ دارانہ استعمال کو فروغ دیتے ہیں۔ ان کوششوں کا مقصد مثبت ماحولیاتی اور سماجی اثرات پیدا کرنا اور مجموعی پائیداری کے اہداف کو تقویت دینا ہے۔

منصوبے کے مقاصد

- پائیدار آبی انتظام کے لیے کمیونٹی اور متعلقہ شراکت داروں کی شمولیت کو مضبوط بنانا ہے۔
- مقامی سطح پر پانی کا توازن بہتر بنا کر یونی لیور کے عالمی واٹر اسٹیورڈشپ اہداف میں کردار ادا کرنا اور
- لاہور کیچمنٹ ایریا میں پانی سے متعلق مشترکہ مسائل سے ہم آہنگی اور ان کا تدارک

منصوبے کی مدت: جولائی 2025 تا دسمبر 2028

سالانہ ہدف

67,500

مکعب میٹر سالانہ

منصوبے کے اہم اقدامات

زیرِ زمین آبی ذخائر کی بحالی
بارش کے پانی کو زیرِ زمین پانی کے ذخائر میں ریچارج کر کے اسے طویل عرصے تک محفوظ رکھنا، اور مقامی آبی توازن کو بہتر بنانا۔

واٹر چینلز کی بہتری
کسانوں کی کمیونٹی واٹر چینلز کو پکا کرنا تاکہ پانی کی ترسیل بہتر ہو، ضائع ہونے سے محفوظ رہے اور مقامی آبپاشی کے نظام کی کارکردگی بڑھائی جا سکے۔

کمیونٹی انگیجمنٹ اور آگاہی
آگاہی اور رویوں میں تبدیلی کے اقدامات کرنا، جن کا مقصد پانی کے پائیدار استعمال کو فروغ دینا اور کمیونٹی میں پانی کے وسائل کی ملکیت کا احساس پیدا کرنا ہے۔

تجویز کردہ سرگرمیاں

ماحولیاتی بہتری کے لیے شجرکاری کی جائے گی۔

کسانوں کے لیے تربیتی سیشنز منعقد کیے جائیں گے جن میں آبپاشی، پانی کی بچت اور موسمیاتی ہم آہنگی پر توجہ دی جائے گی۔

کمیونٹی سیشنز کے ذریعے پانی کی صفائی اور محفوظ ذخیرہ کاری سے متعلق آگاہی فراہم کی جائے گی۔

آبی نظام کی دیکھ بھال اور پائیداری کے حوالے سے تربیتی سیشنز منعقد کیے جائیں گے۔

میڈیکل کیمپس کے ذریعے پانی، صفائی اور صحت سے متعلق آگاہی دی جائے گی۔

طلبہ کو پانی کے ذمہ دارانہ استعمال سے متعلق سرگرمیوں میں شامل کیا جائے گا۔

منسلک ایس ڈی جیس

5 GENDER EQUALITY
6 CLEAN WATER AND SANITATION
13 CLIMATE ACTION
12 RESPONSIBLE CONSUMPTION AND PRODUCTION
17 PARTNERSHIPS FOR THE GOALS

مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم رابطہ کریں
فرح ندیم, سینئر مینیجر، واٹر سیکیورٹی
fanadeem@wwf.org.pk
www.wwfpak.org

مزید معلومات کے لیے کیو آر کوڈ اسکین کریں